# تھِسّلُنیِکیوں
# کے نام پَولُسؔ کا دُوسرا خط

1 پَولُسؔ، سِیلاسؔ اَور تِیمُتھِیُس کی جانِب سے،
تھِسلُنیکے شہر کی جماعت کے نام خط* جو خُدا باپ اَور خُداوَند
یِسوعؔ المسیح کے نام سے کھلاتی ہے:
2 ہمارے خُدا باپ اَور خُداوَند یِسوعؔ المسیح کی طرف سے تُمھیں
فضل اَور اِطمینان حاصل ہوتا رہے۔

## شُکر گُزاری اَور دعا

3 اَے بھائیو اَور بہنوں! تمھارے لئے خُدا کا شُکر اَدا کرتے رہنا
ہمارا فرض ہے۔ اَیسا کرنا اِس لئے مُناسب ہے کہ تمھارا ایمان ترقّی پر
ہے اَور تُم سَب کی باہمی محبّت بھی بڑھتی جا رہی ہے۔
4 یہاں تک کہ ہم خُود خُدا کی جماعتوں کے درمیان فخر سے تمھارا
ذِکر کرتے ہیں کہ ظُلم و سِتم اُٹھانے کے باوُجُود تُم بڑے صبر کے ساتھ
اَپنے ایمان پر قائِم ہو۔
5 یہ خُدا کے حقیقی عدالت کی دلیل ہے کہ تُم خُدا کی بادشاہی
کے لائق ٹھہروگے، جِس کی وجہ سے تُم تکلیف اُٹھا رہے ہو۔

---

* **1:1** پَولُسؔ ہی ہے جِس نے یہ خط لِکھّا تھا، اَور سِلوانُسؔ اَور تِیمُتھِیُس صِرف آداب و تسلیمات میں پَولُسؔ کے ساتھ شامل ہُوئے تھے۔

6 خُدا کے نزدیک یہی اِنصاف ہے: بدلہ میں وہ تُم پر مُصیبت لانے
والوں کو مُصیبت میں ڈالے گا
7 اَور تُم مُصیبت اُٹھانے والوں کو، ہمارے ساتھ آرام دے گا۔ یہ
اُس وقت ہوگا جَب خُداوؔند یِسوعؔ اَپنے زورآور فرشتوں کے ساتھ بھڑکتی
ہُوئی آگ میں آسمان سے ظاہر ہوں گے۔
8 اَور اُنہیں سزا دیں گے جو خُدا کو نہیں جانتے اَور ہمارے خُداوؔند
یِسوعؔ المسیح کی خُوشخبری کو نہیں مانتے۔
9 وہ ہمیشہ کے لِئے ہلاک کر دئیے جائیں گے اَور خُداوؔند کے چہرہ
اَور اُن کے قُدرت کے جلال کو کبھی نہ دیکھ سکیں گے
10 یہ اُن کی آمد کے دِن ہوگا جَب وہ اَپنے مُقدّس لوگوں میں جلال
پائیں گے اَور تمام مُومنین اُن کو دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔ اُن میں
تُم بھی شامل ہوگے کیونکہ تُم ہماری گواہی پر ایمان لائے ہو۔
11 چنانچہ ہم تمہارے لِئے مسلسل دعا کرتے رہتے ہیں کہ ہمارا
خُدا تُمھیں اِس بُلاوے کے لائق سمجھے، اَور اَپنی قُدرت سے تمہاری
ہر نیک خواھش پُوری کرے اَور تُمھیں ایمان سے کام کرنے کی توَفیق
دے۔
12 تا کہ ہمارے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کا نام تمہارے سبب سے جلال
پائے اَور تُم بھی اُس میں جلال پاؤ۔ یہ ہمارے خُدا اَور خُداوؔند یِسوعؔ
المسیح کے فضل سے ہوگا۔

# 2

## خُداوؔند کی دُوسری آمد کی نِشانیاں

1 اَے بھائیوں اَور بہنوں! ہم اَپنے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کی دُوسری
آمد اَور اُن کے پاس اَپنے جمع ہونے کی بابت تُم سے یہ درخواست
کرتے ہیں،
2 کہ اَیسی کسی افواہ سے کہ خُداوؔند کی آمد کا دِن آ گیا، پریشان
نہ ہونا اَور نہ گھبرانا۔ یا اگر کویٔی کہے کہ اِس دِن کو کسی رُوح
نے اُس پر ظاہر کیا ہے یا وہ ہمارے کسی خاص پیغام یا خط سے
اُسے مَعلُوم ہُواہے تو یقین مت کرنا۔
3 نہ ہی کسی طرح کسی کے فریب میں آنا کیونکہ وہ دِن نہیں آئے
گا جَب تک کہ لوگ خُدا کے خِلاف ایمان سے برگشتہ نہ ہو جائیں،
اَور وہ مَرد گُناہ یعنی ہلاکت کا فرزند ظاہر نہ ہو جائے۔
4 وہ ہر نام نہاد خُدا یا عبادت کے لائق کسی بھی چیز کی جو خُدا
یا معبُود کہلاتی ہے اُس کی مُخالفت کرے گا، وہ خُود کو اِن سَب
سے بڑا معبُود ٹھہرائے گا اَور یہاں تک کہ وہ خُدا کے مَقدِس میں بیٹھ
کر اَپنے خُدا ہونے کا اعلان کر دے گا۔
5 کیا تُمہیں یاد نہیں کہ جَب مَیں تمہارے پاس تھا تو تُمہیں یہ باتیں
بتایا کرتا تھا؟
6 اَور تُم جانتے ہو کہ اَپنے مُقرّرہ وقت سے پہلے ظاہر ہونے سے،
اُسے کون سِی چیز روکے ہُوئے ہے۔
7 کیونکہ بے دینی کی باطنی طاقت پہلے سے ہی کام کر رہی ہے؛
لیکن ایک روکنے والا ہے اَور جَب تک وہ راستہ سے ہٹایا نہ جائے
وہ اُسے روکے رہے گا۔
8 اُس وقت وہ بے دین ظاہر ہوگا، جسے خُداوؔند یِسوعؔ اَپنی پھُونک

سے مار ڈالیں گے اَور اَپنی آمد کی شان و شوکت سے نیست کر دیں
گے۔
9 یہ بے دین شیطان کی سِی قُوّت کے ساتھ آئے گا۔ اَور ہر طرح
کے فرضی نِشانات اَور عجائبات کو دِکھائے گا،
10 ہلاک ہونے والوں کو ہر قِسم کا فریب دے گا۔ وہ اِس لئے
ہلاک ہوں گے کہ اُنہوں نے حق کی مَحَبّت کو قبُول نہ کیا جسے قبُول
کرتے تو نَجات پاتے۔
11 اِس سبب سے خُدا اُن پر گمراہی کا اَیسا اثر ڈالے گا کہ وہ
جھُوٹ کو سچ تسلیم کرنے لگیں گے۔
12 اَورجو لوگ حق پر یقین نہیں کرتے بَلکہ ناراستی کو پسند کرتے
ہیں وہ سَب سزا پائیں گے۔

## ثابت قدم رہنا

13 اَے بھائیو اَور بہنوں! تُم جو خُداوؔند کے پیارے ہو، تمہارے لئے
خُدا کا شُکر اَدا کرتے رہنا ہمارا فرض ہے کیونکہ اُس نے تُمہیں پہلے
ہی سے چُن لیا تھا کہ تُم پاک رُوح سے پاکیزگی حاصل کرکے اَور حق
پر ایمان لا کر نَجات پاؤ۔
14 جِس کے لئے اُس نے تُمہیں ہماری خُوشخبری کے ذریعہ بُلایا،
تا کہ ہمارے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کے جلال میں شریک ہو۔
15 چنانچہ اَے بھائیوں اَور بہنوں، اُس سچّائی پر ثابت قدم رہو جو
روایتی تعلیمات تُم نے ہم سے زبانی یا ہمارے خط کے ذریعہ حاصل
کی ہیں۔

16 اَب ھمارا خُداوؔند یِسوعؔ المسیح خُود اَور ھمارا باپ خُدا، جِس
نے ھم سے مَحَبّت رکھی اَور اَپنے فضل سے اَبدی تسلّی اَور اَچھّی اُمّید
بخشی،
17 تمھارے دِلوں کو تسلّی عطا فرمائے اَور ھر نیک کام اَور کلام
میں تُمھیں مضبُوط کرے۔

# 3

## دعا کی درخواست

1 غرض اَے بھائیو اَور بہنوں! ھمارے لِئے دعا کرو کہ ھمارے
ذریعہ خُداوؔند کا کلام جلد پھیل جائے، اَور جلال پائے جَیسا تُم میں
ھُوا ھے۔
2 اَور ھم بُرے اَور کَج رَو لوگوں سے بچے رھیں کیونکہ سَب میں ایمان
نہیں ھے۔
3 لیکن خُداوؔند وفادار ھے۔ وہ تُمھیں مضبُوط کرے گا اَور شیطانی
حملوں سے محفوظ رکھے گا۔
4 ھمیں خُداوؔند میں یقین ھے کہ جو حُکم ھم نے تُمھیں دئیے تھے، تُم
اُن پر عَمل کرتے ھو اَور کرتے رھوگے۔
5 خُداوؔند تمھارے دِلوں کو خُدا کی مَحَبّت اَور خُداوؔند المسیح کے
صبر کی طرف راغِب کرے۔

## کاھلی سے بچو

6 اَے بھائیو اَور بہنوں! ھم اَپنے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کے نام میں
تُمھیں حُکم دیتے ھیں کہ ھر اُس مُومِن سے دُور رھو جو کام سے جی
چُراتا ھے، اَور اُس تعلیم کے مُطابق نہیں چلتا جو ھم نے دی ھے۔

7 تُم آپ جانتے ہو کہ تُمھیں کِس طرح ھماری مانِند چلنا چاھئے۔
کیونکہ جَب ھم تُمھارے ساتھ تھے تو کاھل نہیں تھے،
8 ھم کسی کی مُفت کی روٹی نہیں کھاتے تھے۔ بَلکہ، رات دِن
محنت مشقّت کرتے تھے، تا کہ ھم تُم میں سے کسی پر بوجھ نہ بنیں۔
9 اِس لِئے نہیں کہ ھمارا تُم پر کوئی حق نہ تھا، بَلکہ اِس لِئے کہ
اَیسا نمونہ بنو جِس پر تُم چل سکو۔
10 اَور جَب ھم تُمھارے پاس تھے تَب بھی ھمارا یہی حُکم تھا: "جو
آدمی کام نہیں کرے گا وہ کھانے سے بھی محروم رہے گا۔"
11 ھم نے سُنا ھے کہ تُم میں بعض اَیسے بھی ھیں جو محنت سے
جی چُراتے ھیں۔ اَور وہ خُود تو کُچھ کرتے نہیں، مگر دُوسروں کے کام
میں دخل دیتے ھیں۔
12 اَیسے لوگوں کو ھم خُداوند یِسوعؔ المسیح کے نام سے حُکم دیتے
ھیں اَور نصیحت کرتے ھیں کہ وہ خاموشی سے اَپنا کام کریں اَور محنت
کی روٹی کھائیں۔
13 اَور تُم بھائیوں اَور بہنوں، نیک کام کرنے میں کبھی ہِمّت نہ
ھارو۔
14 اگر کوئی ھمارے خط میں لکھی ھُوئی نصیحت کو نہ مانے تو
اُن پر نگاہ رکھو، اَور اُن سے مِلنا جُلنا چھوڑ دو، تا کہ وہ شرمندہ ھوں۔
15 لیکن اُنہیں دُشمن نہ سمجھو، بَلکہ اَپنا مُومِن ساتھی سمجھ کر اُن
کو نصیحت کرو۔

## سلام و مُبارکبادی

16 اَب خُداوؔند جو اِطمینان کا سرچشمہ ھے خُود ھی ھر حالت میں
تُمھیں اِطمینان بخشے۔ خُداوؔند یِسوعؔ تُم سَب کے ساتھ ھوں!

17 میں پَولُسؔ اَپنے ھاتھ سے یہ سلام لِکھتا ھُوں، ھر خط میں میرا
یہی نِشان ھے۔ میں اِسی طرح لِکھتا ھُوں۔

18 ھمارے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کا فضل تُم سَب پر ھوتا رہے۔

# Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ

## Urdu: Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" اَور ریاست ہائے متحدہ کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کے Biblica Inc
دَفتر نشان درج میں وہیں۔ اجازت کے ساتھ اسیعمال کیا ۔جاتاہے
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f